No. of Printed Pages : 6

**MUD-002**

# M.A. URDU (MAUD)

## Term-End Examination

## June, 2022

## MUD-002 : URDU GHAZAL

*Time : 3 hours* *Maximum Marks : 100*

نوٹ : سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں، اور تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

**1.** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ *20*

(الف)

(i) تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں
کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

(ii) ہوں اس کوچے کے ہر ذرّے سے واقف
ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(iii) دل مضطر سے پوچھ اے رونق بزم
میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

(iv) نہ تھا میں معتقد اعجازے کا

بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

(v) کجا میں اور کجا اے شاد دنیا

کہاں سے کس جگہ لایا گیا ہوں

(ب)

(i) مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بت خانہ تھا

ہم سبھی مہماں تھے واں اک تو ہی صاحب خانہ تھا

(ii) وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا

خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

(iii) حیف کہتے ہیں ہوا گلزار تاراج خزاں

آشنا اپنا بھی واں اک سبزۂ بیگانہ تھا

(iv) ہو گیا مہماں سرائے کثرتِ موہوم آہ

وہ دلِ خالی کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

(v) بھول جا خوش رہ عبث وہ سابقے مت یاد کر
دردؔ یہ مذکور کیا ہے آشنا تھا یا نہ تھا

# یا

## (الف)

(i) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

(ii) عہدِ جوانی رو، رو کاٹا، پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے، صبح ہوئی آرام کیا

(iii) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

(iv) یاں سپید و سیہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو، رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

(v) میرؔ کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو اِن نے تو
قشقہ کھینچا ، دیر میں بیٹھا، کب کا ترک اسلام کیا

(ب)

(i) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں

(ii) شکوۂ جور کرے کیا کوئی اس شوخ سے جو
صاف قائل بھی نہیں، صاف مکرتا بھی نہیں

(iii) مہربانی کو محبت نہیں کہتے اے دوست
آہ، اب مجھ سے تری رنجش بے جا بھی نہیں

(iv) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

(v) آہ ! یہ مجمع احباب یہ بزم خاموش
آج محفل میں فراقؔ سخن آرا بھی نہیں

**2.** غزل کی تعریف کرتے ہوئے اس کی خارجی ہیئت پر مدلل بحث کیجیے۔ 20

**یا**

دبستانِ لکھنؤ کے شعری محاسن پر اظہارِ خیال کیجیے۔

**3.** ولیؔ دکنی کی غزل گوئی کے امتیازات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔ 20

**یا**

سراجؔ اورنگ آبادی کی غزل گوئی پر ایک جامع تنقیدی نوٹ لکھیے۔

**4.** خواجہ حیدر علی آتشؔ کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔ 20

**یا**

علامہ اقبالؔ کی غزل گوئی کے امتیازات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

**5.** دہلی میں اُردو غزل کے ارتقا پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

**یا**

شہریار کی غزل گوئی پر تنقیدی اظہارِ خیال کیجیے۔

---